

Long-Term Care Home Update

Community Newsletter

Lakeridge Health

فروری 2021

## نئی عمارت مکمل ہو رہی ہے

ہم Lakeridge Health کے نئے طویل مدتی کیئر ہوم کے حوالے سے اچھی پیش رفت کر رہے ہیں، جو ابھی Ajax Pickering Hospital سے متصل اور زیر تعمیر ہے۔ جنوری کے دوران، تعمیراتی ٹیم نے اپنا کھدائی کا کام جاری رکھا، جس میں عمارت کی بنیاد میں کنکریٹ ڈالنا شامل ہے۔ مزید برآں، ضروری یوٹیلیٹی خدمات، جیسا کہ بجلی کی فراہمی اور Durham کے مرکزی علاقے میں قدرتی پانی اور نکاسی کی لائنوں کے کنیکشنز کی تنصیب کا کام جاری ہے۔

تعمیراتی سائٹ کے کام کے ساتھ ہی عمارت کے ماڈولر حصوں کو سائٹ سے دور بنایا جا رہا ہے۔ ہمارا تعمیراتی پارٹنر PCL، عمارت کے پہلے سے تیار شدہ متعدد اجزاء، جیسا کہ وزن اٹھانے والے دیوار کے پینل سسٹمز، غسل خانوں کے پوڈز، اور میکانکی اور برقی ترسیل کے سسٹمز کے ڈیزائن اور تنصیب کی نگرانی کر رہا ہے۔



*طویل مدتی کیئر ہوم کی تعمیر - فروری 2021*

اس طرح کی ماڈولر تعمیر تیز رفتار تعمیر کے پائلٹ پروگرام (Accelerated Build Pilot Program) کا حصہ ہے اور سخت ترین صحت، سلامتی اور ڈیزائن کے معیارات پر کاربند رہتے ہوئے نئے گھر کو روایتی طویل مدتی کیئر پروجیکٹ سے جلدی تعمیر کے قابل بناتی ہے۔ آئندہ ہفتوں اور مہینوں میں پیش رفت تیز تر نظر آئے گی کیونکہ دور سرکائی جا رہی ہے اور ماڈولر حصوں کو منتقل اور اکٹھا کیا جا رہا ہے۔

## بائیک لین کی رسائی میں تبدیلیاں

جیسا کہ تعمیر جاری ہے، ہمارے کمیونٹی ممبران کی سلامتی کے لیے ہمیں Clement Street پر سائیکل لین کو بند کرنا پڑ رہا ہے اور 1 مارچ، 2021 سے اگست کے اختتام تک بند رہے گی۔ تمام ضروری میونسپل ضروریات پوری ہو گئی ہیں، اور ہم آپ کو مستقبل میں دوبارہ کھولنے کے اوقات کے متعلق مطلع کریں گے۔

## ہمارے کام کی رہنمائی کے لیے قابل قدر تاثرات

پروجیکٹ کی پیش رفت کے ساتھ، ہم Lakeridge Health سسٹم میں متعدد تفصیلات کے حوالے سے مہارتیں اور رہنمائی حاصل کر رہے ہیں کہ متعدد ضروریات اور صلاحیتوں کے حامل ضعیف افراد کی صحت اور سلامتی کے فروغ کے لیے گھر میں جگہوں کو کیسے استعمال کیا جائے گا۔ وبا کے دوران سیکھی گئی بصیرت کی بنیاد پر، ہم یقینی بنائیں گے کہ گھر نگہداشت، سلامتی اور انفیکشن کے کنٹرول کے حوالے سے ہمارے متوقع اعلیٰ معیارات پر عمل کریں، اور بیک وقت آرام دہ، گھر جیسا ماحول، مفید رہائشی، خاندان، ملازمین اور رضاکار تیار کریں۔

ہماری ڈیزائن ٹیم طویل مدتی نگہداشت کے افعال میں پیشہ ور افراد، انفیکشن اور اس کی روک تھام کے کنٹرول کے ماہرین، نیز دیگر خصوصی شعبوں، جیسا کہ کھانے کی خدمات اور آئی ٹی (IT) کے ساتھ ورچوئل طور پر مصروف عمل ہے۔ نیز، ہم نے اپنی Patient and Family Experience Council، Lakeridge Health's Auxiliary اور اپنے کمیونٹی کے مشاورتی پینلز (Community Advisory Panels) کو مصروف عمل کیا ہے جو ہمیں رہنمائی فراہم کرنے کے لیے اپنے علم اور تجربے کا ہم سے اشتراک کر رہے ہیں۔

منصوبہ بندی، تعمیر اور ڈیزائن کے متعلق اپ ڈیٹس کا اشتراک کرنے کے لیے ہم ایک خصوصی ورچوئل ٹاؤن ہال کی بھی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ ہمارے ساتھ شریک ہوں گے! تفصیلات اس خط میں درج ہیں۔

ڈیزائن کی تیاری کا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد، ہم پھر حتمی تفصیلی تعمیراتی دستاویزات مکمل کریں جو طے کرے گی کہ تعمیراتی ٹیم کیا تعمیر کرے گی۔

**سوال 1۔ ہوم کب مکمل ہوں گے اور وہاں کتنے بستر ہوں گے؟**

نیا طویل مدتی کیئر ہوم Ajax Pickering Hospital کے ساتھ Harwood Avenue South اور Clements Road West کے شمال مغربی کنارے پر واقع ہے۔ اس کے اواخر 2021 تک مکمل ہونے کی توقع ہے اور اس میں 320 بیڈز کی گنجائش ہو گی۔

**سوال 2۔ اگر میں Ajax میں رہتا/رہتی ہوں تو کیا میرے پاس نئے ہوم میں جگہ لینے کا بہتر امکان ہے؟**



آرٹسٹ کی رینڈرنگ

## مستقبل پر نظر ڈالیں۔

### ہمارے Facebook لائیو ٹاؤن ہال میں شامل ہوں

کیا آپ نئے ہوم کے فوائد اور خصوصیات کے متعلق مزید جاننا اور تاثرات فراہم کرنا چاہیں گے؟ براہ کرم 18 مارچ کو شام 6:30–7:30 بجے تک ہمارے پیش کردہ Facebook لائیو ٹاؤن ہال میں شریک ہوں۔ جلد آنے والی مزید معلومات کے لیے Lakeridge Health کا Facebook پیج دیکھیں۔

### اکثر پوچھے جانے والے سوالات

ان لوگوں کا شکریہ جو ہمارے طویل مدتی کیئر ہوم پروجیکٹ کے متعلق سوالات اور تاثرات کے ساتھ ہم سے رابطہ کر رہے ہیں۔ ذیل میں کچھ عمومی پوچھے جانے والے سوالات کے جواب ہیں:

جب نیا ہوم کھلے گا تو صوبے بھر میں تمام طویل مدتی کیئر ہومز میں بیڈز تک رسائی کے نظم کے لیے یہ صوبائی عمل کی پیروی کرے گا۔ کسی بھی مرکز تک رسائی صوبائی طور پر منتظم کردہ تعیناتی کے عمل کے ذریعہ اونٹاریو کے تمام اہل رہائشیوں کے لیے کھلی ہے۔

تعیناتی کے عمل میں ایک سے زائد حصوں پر مشتمل جائزہ شامل ہے، بشمول کیئر کوآرڈینیٹر کی جانب سے جائزہ، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ طبی سرگزشت کا درست ریکارڈ موجود ہے، اور طویل مدتی نگہداشت کے لیے اہلیت کا تعین کرنے میں مدد ملے۔ رسائی کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہ کرم 310-2222 پر کال کریں (کوئی علاقائی کوڈ درکار نہیں ہے)

**سوال 3۔ نئے طویل مدتی کیئر کوم میں مجھے ملازمت کیسے مل سکتی ہے؟**

کمیونٹی کو اس بارے میں مطلع کیا جائے گا اور معلومات فراہم کی جائیں گی کہ دستیابی پر نئے ہوم میں عہدوں کے لیے کیسے درخواست دی جائے۔

**سوال 4۔ میں نئے طویل مدتی کیئر ہوم کو مصنوعہ یا خدمت کیسے فراہم کر سکتا/سکتی ہوں؟**

تجویز کردہ مصنوعہ یا سروس کی قسم پر منحصر، خریداری ہمارے جنرل کنٹریکٹر (PCL) کے ساتھ تعمیراتی معاہدے یا Lakeridge Health کے موجودہ خریداری کے افعال کا حصہ ہے۔

اگر آپ Lakeridge Health کے لیے ریکارڈ کے وینڈر بننا چاہتے ہیں تو براہ کرم Plexxus کے ساتھ رجسٹر ہوں جو ہمارا خریداری کا کوآرڈینیٹر ہے۔



**سوال 5۔ تعمیراتی سائٹ کے قریب ہمسائیوں کے لیے شور کم کرنے کے لیے کیا کیا جا رہا ہے؟**

گردونواح کے لیے کسی بھی قسم کے شور یا اثرات کو کم کرنے کے لیے تعمیراتی ٹیم اپنی پوری کوشش کر رہی ہے۔ PCL نے متعدد منصوبے لاگو کیے ہیں جو شور کے حوالے سے ذیلی قوانین کی تعمیل کرتے ہیں:

- صحت، سلامتی اور ماحول سے متعلق تمام تحفظات کا نظم کرنے، بشمول گرد پر قابو پانے کے لیے منصوبہ؛
- ڈیلیوری اور پارکنگ دونوں کے لیے سائٹ سے آنے اور جانے والی ٹریفک کی بھیڑ کو کم کرنے کے لیے ایک مختص کردہ ٹریفک کنٹرول کا منصوبہ؛ اور
- ایسے منصوبے جو تعمیراتی شور کے متعلق شور کے ذیلی قوانین کی تعمیل کرتے ہیں۔

اس اہم اور ضروری طویل مدتی کیئر ہوم کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے ہمارے کام کے دوران گردونواح کے ہمسائیوں کے تعاون کو ہم سراہتے ہیں۔

2021 تک نئے ہوم کی تکمیل یقینی بنانے کے لیے پروجیکٹ کا تعمیراتی شیڈول تیز تر ہے۔

مارچ 22 سے شروعات کر کے آن سائٹ ٹیمیں پیر تا جمعہ صبح 6:30 سے نصب شب تک اور بروز ہفتہ صبح 6:30 سے شام 5:00 بجے تک کام کریں گی۔

## آپ کو باخبر رکھنا

ہم اس کمیونٹی لیٹر اور ہماری ویب سائٹ کے ذریعہ آپ کو ہماری پیش رفت سے باخبر رکھنا جاری رکھیں گے۔

کسی بھی وقت، اگر آپ کے پاس سوالات ہوں یا مزید معلومات درکار ہوں تو براہ کرم 905-576-8711 ایکسٹینشن 34167 پر کال کریں یا AjaxLTC@lh.ca پر ای میل کریں۔

آپ ہمیں Twitter اور Facebook پر بھی فالو کر سکتے ہیں۔

**Durham کمیونٹی میں اس اہم نئے اضافے کے لیے آپ کی دلچسپی اور تعاون کا شکریہ۔**